Securities and Exchange Commission of Pakistan

# Press Release

July 19, 2018
For immediate release

## ایس ای سی پی نے فنڈ مینجمنٹ انڈسٹری کے لئے رسک مینجمنٹ اور کنٹرول گائیڈ لائینز جاری کر دیں

اسلام آباد (18 جولائی): سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے ایسٹ مینجمنٹ کمپنیز کے لئے رسک مینجمنٹ اور کنٹرول گائیڈ لائنز جاری کر دی ہیں۔ ان گائیڈ لائنز کا مقصد رسک مینجمنٹ کا عمومی فریم ورک فراہم کرنا ہے تا کہ اجتماعی سرمایہ کاری کے منصوبوں کو درپیش خطرات کو کم کر سکے۔

یہ گائیڈ لائنز رسک مینجمنٹ کے مختلف پہلوؤں مثلاً رسک گورننس، رسک مینجمنٹ کے طریق کار، پورٹ فولیو رسک مینجمنٹ اور آپریشنل رسک مینجمنٹ کا احاطہ کرتی ہیں۔ علاوہ ازیں یہ رسک کی شناخت' اس کی درجہ بندی، سٹریس ٹیسٹنگ، رپورٹنگ اور کمی پر بھی توجہ مرکوز کرتی ہیں۔ اس طرح رسک مینجمنٹ کے مختلف طریقے اور ان کے لوازمات مہیا کئے گئے ہیں۔ یہ گائیڈ لائنز ڈیزاسٹر ریکوری کے ساتھ نمٹنے اور ایسٹ مینیجرز کے لئے اجتماعی سرمایہ کاری کے طویل مدتی مقاصد حاصل کرنے کے لئے پالیسیوں اور حکمت عملیوں کی تشکیل کرنے میں بھی مفید ثابت ہوں گی۔ یہ گائیڈ لائنز بین الاقوامی معیارات کے بہترین اصولوں پر مبنی ہیں۔

اجتماعی سرمایہ کاری کی مینجمنٹ کرنے والی کمپنیوں کے لئے انتہائی ضروری ہے کہ وہ ایسے کلچر کو فروغ دیں جس میں سرمایہ کاری کو درپیش خطرات کو بخوبی سمجھا جائے اور ان میں کمی جا سکے۔ ایسے خطرات کی روک تھام اور سدباب کی ذمہ داری رسک مینجمنٹ کمیٹی پر ہوتی ہے۔ کمپنیوں کے لئے ضروری ہے کہ وہ ایسا آرگنائزیشنل کلچر یقینی بنائیں جس میں موثر رسک مینجمنٹ کو بہت زیادہ ترجیح دی جاتی ہو اور اس سے متعلقہ آپریٹنگ کنٹرولز پر عمل درآمد کیا جاتا ہو۔

NIC Building, 63 Jinnah Avenue,
Islamabad, Pakistan
PABX: +92-51-9207091-4 Fax: +92-51-9218592, 9204915, Email: webmaster@secp.gov.pk, Website: www.secp.gov.pk